سبحٰن الذی 15

القرآن الكريم

لفظی اور با محاورہ ترجمہ

www.KitaboSunnat.com

نگہت ہاشمی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

اٰیَاتُهَا ۱۱۱ — ۱۷ سُوْرَةُ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مَكِّيَّةٌ ۵۰ — رُكُوْعَاتُهَا ۱۲

سورہ بنی اسرائیل مکی ہے اس میں ایک سو گیارہ آیات اور بارہ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام اللہ کے وسیع رحمت والا نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے۔

سُبْحٰنَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

پاک ہے وہ جو رات کو لے گیا اپنے بندے کو ایک رات مسجد حرام سے

پاک ہے وہ (اللہ) جو اپنے بندے کو ایک رات مسجد حرام سے دور کی

اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِيْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِيَهٗ

دور کی اس مسجد تک وہ جو برکت دی ہم نے اس کے ماحول کو تاکہ ہم دکھائیں اسے

اس مسجد تک لے گیا جس کے ماحول کو ہم نے برکت دی ہے تاکہ ہم اُسے اپنی کچھ نشانیاں دکھائیں،

مِنْ اٰيٰتِنَا ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ① وَاٰتَيْنَا

اپنی کچھ نشانیاں بلاشبہ وہ وہ سب کچھ سننے والا سب کچھ دیکھنے والا ہے اور دی ہم نے

بلاشبہ وہ سب کچھ سننے والا، سب کچھ دیکھنے والا ہے۔(1) اور ہم نے موسیٰ کو

مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَلَّا

موسیٰ کو کتاب اور بنایا ہم نے اُسے ہدایت بنی اسرائیل کے لیے یہ کہ نہ

کتاب دی اور اُسے ہم نے بنی اسرائیل کے لیے ہدایت بنایا کہ

تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِيْ وَكِيْلًا ۭ ② ذُرِّيَّةَ مَنْ

تم بناؤ میرے سوا کسی کو کارساز اے اولاد ان لوگوں کی جن کو

میرے سوا کسی کو کارساز نہ بنانا۔(2) اے ان لوگوں کی اولاد جنھیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شَكُوْرًا ③	عَبْدًا	كَانَ	اِنَّهٗ	نُوْحٍ ؕ	مَعَ	حَمَلْنَا
شکر گزار	بندہ	تھا	یقیناً وہ	نوح کے	ساتھ	سوار کیا ہم نے

ہم نے نوح کے ساتھ سوار کیا تھا! یقیناً وہ بڑا ہی شکر گزار بندہ تھا۔(3)

لَتُفْسِدُنَّ	فِی الْكِتٰبِ	بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ	اِلٰی	وَقَضَیْنَاۤ
کہ یقیناً تم ضرور فساد کرو گے	کتاب میں	بنی اسرائیل کی	طرف	اور فیصلہ کر دیا تھا ہم نے

اور ہم نے کتاب میں بنی اسرائیل کے لیے فیصلہ کر دیا تھا

فَاِذَا	كَبِیْرًا ④	عُلُوًّا	وَلَتَعْلُنَّ	مَرَّتَیْنِ	فِی الْاَرْضِ
پھر جب	بڑی	سرکشی	اور تم ضرور سرکشی کرو گے	دوبار	زمین میں

کہ یقیناً تم دوبار زمین میں ضرور فساد کرو گے اور تم یقیناً ضرور سرکشی کرو گے، بڑی سرکشی۔(4) پھر جب

عِبَادًا لَّنَاۤ	عَلَیْكُمْ	بَعَثْنَا	اُوْلٰىهُمَا	وَعْدُ	جَآءَ
بندے اپنے	تم پر	بھیجے ہم نے	ان دونوں میں سے پہلی کا	وعدہ	آ گیا

اُن دونوں میں سے پہلی کا وعدہ آ گیا تو ہم نے

وَكَانَ	الدِّیَارِ ؕ	خِلٰلَ	فَجَاسُوْا	شَدِیْدٍ	اُولِیْ بَاْسٍ
اور تھا	گھروں کے	درمیان	پس وہ گھس گئے	سخت	جنگ جو

تم پر اپنے سخت جنگ جو بندوں کو بھیجا پس وہ گھروں میں گھس گئے

عَلَیْهِمْ	الْكَرَّةَ	لَكُمُ	رَدَدْنَا	ثُمَّ	مَّفْعُوْلًا ⑤	وَعْدًا
اُن پر	دوبارہ	تمہیں	غلبہ دے دیا ہم نے	پھر	پورا کیا ہوا	وعدہ

اور وہ ایک وعدہ تھا جو پورا کیا ہوا تھا۔(5) پھر ہم نے ان پر دوبارہ تمہیں غلبہ دے دیا

اَكْثَرَ	وَجَعَلْنٰكُمْ	وَّبَنِیْنَ	بِاَمْوَالٍ	وَاَمْدَدْنٰكُمْ
زیادہ	اور کر دیا ہم نے تمہیں	اور بیٹوں کے ساتھ	مالوں کے ساتھ	اور مدد دی ہم نے تمہیں

اور ہم نے مالوں اور بیٹوں سے تمہیں مدد دی اور ہم نے تمہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نَفِيْرًا ۝٦ اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ ۣ قف وَاِنْ

تعداد میں | اگر | بھلائی کی تم نے | (تو) بھلائی کی تم نے | اپنے آپ کے لیے | اور اگر

تعداد میں زیادہ کر دیا۔(6) اگر تم نے بھلائی کی، تو تم نے اپنے آپ کے لیے بھلائی کی اور اگر

اَسَاْتُمْ فَلَهَا ۭ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ لِيَسُوْۗءٗا

برائی کی تم نے | تو ان کے لیے ہے | چنانچہ جب | آ گیا | وعدہ | دوسرا | تاکہ وہ بگاڑ دیں

تم نے برائی کی تو (وہ بھی) ان کے لیے ہے، چنانچہ جب دوسرا وعدہ آ گیا (تو ہم نے اور لوگ تم پر مسلط کر دیے)

وُجُوْهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوْهُ

تمہارے چہرے | اور تاکہ وہ داخل ہو جائیں | مسجد میں | جیسے | داخل ہوئے وہ اس میں

تاکہ وہ تمہارے چہرے بگاڑ دیں اور تاکہ وہ مسجد میں داخل ہو جائیں، جیسے وہ پہلی بار

اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا ۝٧

پہلی بار | اور تاکہ وہ برباد کر دیں | جس چیز پر | وہ غلبہ پائیں | بری طرح تباہ و برباد کرنا

اس میں داخل ہوئے تھے اور تاکہ جس چیز پر بھی وہ غلبہ پائیں اسے برباد کر دیں، بُری طرح تباہ و برباد کرنا۔(7)

وقف لازم

عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يَّرْحَمَكُمْ ۚ وَاِنْ عُدْتُّمْ

قریب ہے | تمہارا رب | یہ کہ | رحم کرے تم پر | اور اگر | دوبارہ کرو گے تم

قریب ہے کہ تمہارا رب تم پر رحم کرے اور اگر تم دوبارہ کرو گے

عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ۝٨ اِنَّ

تو ہم بھی دوبارہ کریں گے | اور بنایا ہم نے | جہنم کو | کافروں کے لیے | قید خانہ | یقیناً

تو ہم بھی دوبارہ کریں گے اور ہم نے جہنم کو کافروں کے لیے قید خانہ بنایا ہے۔(8) یقیناً

هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ

یہ | قرآن | ہدایت دیتا ہے | اُس (راستہ) کے لیے جو | وہ | سب سے سیدھا ہے

یہ قرآن وہ راستہ دکھاتا ہے جو سب سے سیدھا ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ

اور وہ بشارت دیتا ہے　مومنوں کو　وہ لوگ جو　عمل کرتے ہیں　نیک　یقیناً

اور وہ ان مؤمنوں کو بشارت دیتا ہے جو نیک عمل کرتے ہیں کہ یقیناً

لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ۙ﴿۹﴾ وَّاَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

اُن کے لیے　اجر ہے　بہت بڑا　اور یقیناً　وہ لوگ جو　نہیں ایمان لاتے　آخرت پر

اُن کے لیے بہت بڑا اجر ہے۔(9) اور یقیناً جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے

اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۰﴾ؑ وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ

تیار کر رکھا ہے ہم نے　اُن کے لیے　عذاب　دردناک　اور دُعا کرتا ہے　انسان

اُن کے لیے ہم نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔(10) اور انسان

ع ١

بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ﴿۱۱﴾

شر کی　دُعا ہوتی ہے اس کی　بھلائی کی　اور (ہمیشہ سے) ہے　انسان　بڑا ہی جلد باز

شر کے لیے بھی ویسے ہی دُعا کرتا ہے جیسے اس کی بھلائی کی دُعا ہوتی ہے اور انسان ہمیشہ سے بڑا ہی جلد باز ہے۔(11)

وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ

اور بنایا ہم نے　رات کو　اور دن کو　دو نشانیاں　پھر بے نور کر دیا ہم نے　رات کی نشانی کو

اور ہم نے رات اور دن کو دو نشانیاں بنایا پھر ہم نے رات کی نشانی کو بے نور کر دیا

وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ

اور بنایا ہم نے　نشانی کو　دن کی　روشن　تاکہ تم تلاش کرسکو　فضل　اپنے رب کا

اور دن کی نشانی کو روشن بنایا ہے تاکہ تم اپنے رب کا فضل تلاش کرسکو اور

وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ

اور تاکہ تم معلوم کرسکو　تعداد　برسوں کی　اور حساب　اور ہر　چیز

تاکہ تم برسوں کی تعداد اور حساب معلوم کرسکو اور ہر چیز کو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَصَّلْنٰهُ تَفْصِیْلًا ﴿۱۲﴾ وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ

کھول کر بیان کیا ہے ہم نے اسے خوب کھول کر بیان کرنا اور ہر انسان لازم کردیا ہے ہم نے اُس کے لیے

ہم نے خوب کھول کر بیان کیا ہے، خوب کھول کر بیان کرنا۔(12)اور ہر انسان کا نصیب

طٰٓئِرَهٗ فِیْ عُنُقِهٖ ؕ وَنُخْرِجُ لَهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ كِتٰبًا

اس کا نصیب اس کی گردن میں اور ہم نکالیں گے اس کے لیے قیامت کے دن ایک کتاب

ہم نے اس کی گردن میں لازم کردیا ہے اور ہم قیامت کے دن اس کے لیے ایک کتاب نکالیں گے جسے وہ

یَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ﴿۱۳﴾ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ؕ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْیَوْمَ

وہ پائے گا اس کو کھلی ہوئی پڑھ اپنی کتاب کافی ہو آپ خود آج کے دن

کھلی ہوئی پائے گا۔(13) پڑھ اپنا نامۂ اعمال! آج کے دن تم اپنے اوپر

عَلَیْكَ حَسِیْبًا ﴿۱۴﴾ؕ مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا یَهْتَدِیْ لِنَفْسِهٖ ۚ

اپنے اوپر حساب لینے والے جس نے ہدایت پائی تو یقیناً وہ ہدایت پاتا ہے اپنی ذات کے لیے

خود حساب لینے والے کافی ہو۔(14) جو ہدایت پاتا ہے وہ اپنی ذات کے لیے ہدایت پاتا ہے۔

وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا یَضِلُّ عَلَیْهَا ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ

اور جو گمراہ ہوا ہے تو یقیناً وہ گمراہ ہوتا ہے اوپر اپنے اور نہیں بوجھ اُٹھاتی کوئی بوجھ اُٹھانے والی

اور جو گمراہ ہوا وہ اپنے آپ پر گمراہ ہوتا ہے۔ اور کوئی بوجھ اُٹھانے والی (جان)

وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِیْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ

بوجھ کسی دوسری کا اور نہیں تھے ہم عذاب دینے والے یہاں تک کہ ہم بھیجیں

کسی دوسری کا بوجھ نہیں اُٹھاتی اور ہم کبھی عذاب دینے والے نہیں جب تک

رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾ وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْیَةً

کوئی رسول اور جب ارادہ کرتے ہیں ہم یہ کہ ہم ہلاک کردیں کسی بستی کو

کہ ہم کوئی رسول نہ بھیجیں۔(15) اور جب ہم ارادہ کرتے ہیں کہ ہم کسی بستی کو ہلاک کردیں تو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

أَمَرْنَا مُتْرَفِيهَا فَفَسَقُوا فِيهَا فَحَقَّ

حکم دیتے ہیں ہم اُس کے خوشحال لوگوں کو چنانچہ وہ نافرمانی کرتے ہیں اس میں تو ثابت ہو جاتی ہے

اُس کے خوشحال لوگوں کو ہم حکم دیتے ہیں، چنانچہ وہ اس میں نافرمانی کرتے ہیں تو بات ان پر ثابت ہو جاتی ہے

عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ﴿۱۶﴾ وَكَمْ أَهْلَكْنَا

ان پر بات پھر برباد کر دیتے ہیں ہم ان کو بُری طرح تباہ کرنا اور کتنے ہی ہلاک کر دیا ہم نے

پھر ہم اُسے برباد کر کے رکھ دیتے ہیں، بری طرح تباہ و برباد کرنا۔(16) اور کتنے ہی زمانے کے لوگوں کو

مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوْبِ

زمانے کے لوگوں کو نوح کے بعد اور کافی ہے آپ کا رب گناہوں سے

ہم نے نوح کے بعد ہلاک کر دیا؟ اور آپ کا رب اپنے بندوں کے گناہوں کی

عِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ﴿۱۷﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ

اپنے بندوں کے پوری طرح خبر رکھنے والا سب کچھ دیکھنے والا ہے جو ہے ارادہ کرتا

پوری طرح خبر رکھنے والا، سب کچھ دیکھنے والا کافی ہے۔(17) جو شخص جلدی والی دنیا کا ارادہ کرتا ہے

الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ

جلدی والی (دنیا) کا ہم جلدی دیں گے اسے اس میں جو ہم چاہیں گے جس کے لیے

تو اُسے ہم اسی میں جلدی دیں گے جو ہم چاہیں گے، جس کے لیے

نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا

ہم ارادہ کریں گے پھر بنا رکھی ہے ہم نے اُس کے لیے جہنم وہ داخل ہوگا اس میں مذمت کیا ہوا

ہم ارادہ کریں گے، پھر اُس کے لیے ہم نے جہنم بنا رکھی ہے، وہ مذمت کیا ہوا،

مَّدْحُوْرًا ﴿۱۸﴾ وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا

دھتکارا ہوا اور جس نے ارادہ کیا آخرت کا اور اُس نے کوشش کی اُس کے لیے

دھتکارا ہوا اس میں داخل ہوگا۔(18) اور جس نے آخرت کا ارادہ کیا اور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ

اس کے لائق کوشش | جب کہ وہ | مومن ہو | تو یہی لوگ ہیں | (ہمیشہ سے) ہے | جن کی کوشش

اس کے لیے اس کے لائق کوشش کی، جب کہ وہ مومن ہو تو یہی لوگ ہیں جن کی کوشش

مَّشْكُوْرًا ⑲ كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ

قدر کی ہوئی | ہر ایک کو | ہم مدد دیتے ہیں | اُن کو بھی | اور ان کو بھی | عطا سے

ہمیشہ سے قابلِ قدر ہے۔(19) اُن کو بھی اور ان کو بھی ہم آپ کے رب کی

رَبِّكَ ؕ وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا ⑳ اُنْظُرْ كَيْفَ

آپ کے رب کی | اور کبھی نہیں | ہے | عطا | آپ کے رب کی | روکی گئی | دیکھو | کیسے

عطا سے مدد دیتے ہیں اور آپ کے رب کی عطا کو کبھی روکا نہیں گیا۔(20) دیکھو کیسے

فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ

فضیلت دی ہم نے | اُن میں سے بعض کو | بعض پر | اور یقیناً آخرت | بہت بڑی ہے | درجات میں

ہم نے ان میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے؟ اور یقیناً آخرت درجات کے اعتبار سے بہت بڑی

وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا ㉑ لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ

اور بہت بڑی ہے | فضیلت کے اعتبار سے | نہ آپ بنائیں | ساتھ | اللہ تعالیٰ کے | معبود | دوسرا

اور فضیلت کے اعتبار سے بھی بہت بڑی ہے۔(21) آپ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو معبود نہ بنائیں

ع ۲ / ۱۲ / ۲

فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ㉒ع وَقَضٰى رَبُّكَ

ورنہ آپ بیٹھے رہیں گے | مذمت شدہ | بے یار و مددگار | اور فیصلہ کر دیا | آپ کے رب نے

ورنہ آپ مذمت شدہ، بے یار و مددگار ہو کر بیٹھ رہیں گے۔(22) اور آپ کے رب نے فیصلہ کر دیا ہے

اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ؕ اِمَّا

یہ کہ نہ | تم عبادت کرو | سوائے | اُس کے | اور والدین کے ساتھ | اچھا سلوک کرو | اگر

کہ تم اس کے سوا کسی اور کی عبادت نہ کرو اور والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرو اگر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا

وہ پہنچ جائے | آپ کے پاس | بڑھاپے کو | اُن دونوں میں سے ایک | یا | وہ دونوں | تو نہ

آپ کے پاس ان دونوں میں سے ایک یا دونوں بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو

تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا

تم کہو | اُن دونوں کے لیے | اُف | اور نہ ہی | تم جھڑکو | اُن دونوں کو | اور کہہ | اُن دونوں سے

ان دونوں کو "اُف" تک نہ کہو اور نہ ہی ان کو جھڑکو اور

قَوْلًا كَرِيْمًا ﴿۲۳﴾ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ

بات | عزت والی | اور جھکائے رکھو | اُن دونوں کے لیے | بازو | تواضع کا

ان سے عزت والی بات کرو۔(23) اور ان کے لیے تواضع کا بازو

مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ

رحم دلی سے | اور کہہ | اے میرے رب | اُن دونوں پر رحم فرما | جیسے ان دونوں نے | پالا تھا مجھے

رحم دلی سے جھکائے رکھو اور کہو کہ اے میرے رب! ان دونوں پر رحم فرما جیسے انہوں نے مجھے

صَغِيْرًا ﴿۲۴﴾ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ

بچپن میں (چھوٹے ہونے کی حالت میں) | رب تمہارا | زیادہ جاننے والا ہے | اس کو جو | تمہارے دلوں میں ہے

بچپن میں پالا تھا۔(24) تمہارا رب زیادہ جاننے والا ہے جو تمہارے دلوں میں ہے۔

اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ

اگر | تم ہوئے | نیک | تو یقیناً وہ | (ہمیشہ سے) ہے | بار بار رجوع کرنے والوں کے لیے

اگر تم نیک ہوئے تو یقیناً وہ ہمیشہ سے بار بار رجوع کرنے والوں کے لیے

غَفُوْرًا ﴿۲۵﴾ وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ

بے حد بخشنے والا | اور دے دو | رشتہ دار کو | حق اس کا | اور مسکین کو | اور مسافر کو

بے حد بخشنے والا ہے۔(25) اور رشتے دار کو اُس کا حق دو اور مسکین اور مسافر کو بھی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِیْرًا ﴿٢٦﴾ اِنَّ الْمُبَذِّرِیْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ

اور نہ تم بے جا خرچ کرو بے جا خرچ کرنا یقیناً بے جا خرچ کرنے والے (ہمیشہ سے) ہیں بھائی

اور تم بے جا خرچ نہ کرو، بے جا خرچ کرنا۔(26) یقیناً بے جا خرچ کرنے والے ہمیشہ سے

الشَّیٰطِیْنِ ؕ وَكَانَ الشَّیْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ﴿٢٧﴾ وَاِمَّا

شیاطین کے اور (ہمیشہ سے) ہے شیطان اپنے رب کا بڑا ہی ناشکرا اور اگر

شیاطین کے بھائی ہیں اور شیطان ہمیشہ سے اپنے رب کا بڑا ہی ناشکرا ہے۔(27) اور اگر

تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا

تم نے ضرور منہ موڑنا ہو اُن سے تلاش میں کسی رحمت کی اپنے رب کی تم اُمید رکھتے ہو جس کی

تم نے اپنے رب کی کسی رحمت کی تلاش میں جس کی تم اُمید رکھتے ہو ان سے ضرور منہ موڑنا ہو

فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّیْسُوْرًا ﴿٢٨﴾ وَلَا تَجْعَلْ یَدَكَ مَغْلُوْلَةً

تو کہہ دو اُن سے بات آسان اور نہ تم رکھو اپنا ہاتھ بندھا ہوا

تو بھی اُن سے وہ بات کہو جس میں آسانی ہو۔(28) اور اپنا ہاتھ نہ تو اپنی گردن سے بندھا ہوا رکھو

اِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا

اپنی گردن سے اور نہ تم کھول دو اسے پورا کھولنا کہ تم بیٹھ رہو ملامت زدہ

اور نہ اُسے کھول دو، پورا کھولنا کہ ملامت زدہ، تھکے ماندے ہو کر

مَّحْسُوْرًا ﴿٢٩﴾ اِنَّ رَبَّكَ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ

تھکے ماندے ہو کر یقیناً رب تمہارا کشادہ کرتا ہے رزق جس کے لیے وہ چاہتا ہے

بیٹھ رہو۔(29) یقیناً تمہارا رب جس کا چاہتا ہے رزق کشادہ کر دیتا ہے

وَیَقْدِرُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِیْرًۢا بَصِیْرًا ﴿٣٠﴾ ع

ع ٣ ٨ ٣

اور وہ تنگ کرتا ہے یقیناً وہ (ہمیشہ سے) ہے اپنے بندوں کی پوری خبر رکھنے والا سب کچھ دیکھنے والا

اور تنگ بھی کر دیتا ہے، وہ ہمیشہ سے ہی اپنے بندوں کی پوری خبر رکھنے والا، سب کچھ دیکھنے والا ہے۔(30)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ

اور نہ | تم قتل کرو | اپنی اولاد کو | ڈر سے | مفلسی کے | ہم | رزق دیتے ہیں اُنہیں

اور اپنی اولاد کو مُفلسی کے ڈر سے قتل نہ کرو ہم انہیں بھی رزق دیتے ہیں

وَاِيَّاكُمْ ۭ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ﴿۳۱﴾ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى

اور تمہیں بھی | یقیناً | قتل اُن کا | (ہمیشہ سے) ہے | گناہ | بہت بڑا | اور نہ تم قریب جاؤ | زِنا کے

اور تمہیں بھی، یقیناً اُن کا قتل ہمیشہ سے بہت بڑا گناہ ہے۔(31) اور زنا کے قریب بھی نہ جاؤ

اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ۭ وَسَاۗءَ سَبِيْلًا ﴿۳۲﴾ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ

یقیناً وہ | (ہمیشہ سے) ہے | بڑی بے حیائی | اور بُرا | راستہ | اور نہ تم قتل کرو | کسی جان کو

یقیناً وہ ہمیشہ سے بڑی بے حیائی ہے اور بُرا راستہ ہے۔(32) اور کسی جان کو

الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ وَمَنْ قُتِلَ

وہ جسے | حرام ٹھہرایا ہے | اللہ تعالیٰ نے | مگر | حق کے ساتھ | اور جو کوئی | قتل کیا گیا ہو

جسے اللہ تعالیٰ نے حرام ٹھہرایا ہے قتل نہ کرو مگر حق کے ساتھ اور جو کوئی مظلومانہ قتل کیا گیا

مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ

مظلومانہ | تو یقیناً | دیا ہم نے | اس کے ولی کو | پورا غلبہ | چنانچہ وہ نہ حد سے بڑھے

تو یقیناً ہم نے اُس کے ولی کو پورا غلبہ دیا ہے چنانچہ وہ قتل میں حد سے نہ بڑھے،

فِّي الْقَتْلِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ﴿۳۳﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ

قتل میں | یقیناً وہ | ہوگا | مدد دیا ہوا | اور نہ تم قریب جاؤ | مال کے | یتیم کے

یقیناً وہ مدد دیا ہوا ہوگا۔(33) اور یتیم کے مال کے قریب نہ جاؤ

اِلَّا بِالَّتِيْ هِىَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۠

مگر | اس طریقے سے جو | وہ | بہت ہی اچھا ہو | یہاں تک کہ | وہ پہنچ جائے | اپنی جوانی کو

مگر اس طریقے سے جو بہت ہی اچھا طریقہ ہو، یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جائے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَاَوۡفُوۡا بِالۡعَهۡدِ‌ ۚ اِنَّ الۡعَهۡدَ كَانَ مَسۡـُٔوۡلًا ﴿۳۴﴾ وَاَوۡفُوا الۡـكَيۡلَ

اور پورا کرو | عہد کو | یقیناً | عہد | ہوگا | سوال کیا جائے گا | اور پورا کرو | ماپ کو

اور عہد کو پورا کرو یقیناً عہد کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔(34) اور

اِذَا كِلۡتُمۡ وَزِنُوۡا بِالۡقِسۡطَاسِ الۡمُسۡتَقِيۡمِ‌ ؕ ذٰ لِكَ خَيۡرٌ

جب | ماپ کرو تم | اور تولا کرو | ترازو سے | سیدھی | یہ | بہتر ہے

جب ماپ کرو تو پورا پورا ماپ کرو اور سیدھی ترازو سے تولا کرو یہی بہتر ہے

وَّاَحۡسَنُ تَاۡوِيۡلًا ﴿۳۵﴾ وَلَا تَقۡفُ مَا لَـيۡسَ لَـكَ بِهٖ

اور زیادہ اچھا ہے | انجام کے اعتبار سے | اور نہ تم پیچھے پڑو | اس چیز کے جو | نہیں | تمہیں | جس کا

اور انجام کے اعتبار سے زیادہ اچھا ہے۔(35) اور اس چیز کے پیچھے نہ پڑو جس کا تمہیں کوئی علم نہیں

عِلۡمٌ‌ ؕ اِنَّ السَّمۡعَ وَالۡبَصَرَ وَالۡفُؤَادَ كُلُّ اُولٰۤـئِكَ كَانَ

کوئی علم | یقیناً | کان | اور آنکھ | اور دل | ان میں ہر ایک | ہوگی

یقیناً کان، آنکھ اور دل ان میں سے ہر ایک کے متعلق

عَنۡهُ مَسۡـُٔوۡلًا ﴿۳۶﴾ وَلَا تَمۡشِ فِى الۡاَرۡضِ مَرَحًا‌ ۚ اِنَّكَ لَنۡ

اس سے متعلق | بازپرس | اور نہ تم چلو | زمین میں | اکڑ کر | یقیناً تم | کبھی نہیں

سوال ہوگا۔(36) اور زمین میں اکڑ کر نہ چلو، یقیناً تم

تَخۡرِقَ الۡاَرۡضَ وَلَنۡ تَبۡلُغَ الۡجِبَالَ طُوۡلًا ﴿۳۷﴾ كُلُّ ذٰ لِكَ

پھاڑ سکو گے | زمین کو | اور نہ کبھی | تم پہنچ پاؤ گے | پہاڑوں کی بلندی کو | یہ سب کام

زمین کو کبھی نہیں پھاڑ سکو گے اور نہ کبھی پہاڑوں کی بلندی کو پہنچ پاؤ گے۔(37) یہ سب کام،

كَانَ سَيِّئُهٗ عِنۡدَ رَبِّكَ مَكۡرُوۡهًا ﴿۳۸﴾ ذٰ لِكَ مِمَّاۤ

(ہمیشہ سے) ہے | برائی ان کی | نزدیک | آپ کے رب کے | ناپسندیدہ | یہ | اس میں سے ہیں جو

ان کی برائی آپ کے رب کے نزدیک ہمیشہ سے ناپسندیدہ ہے۔(38) یہ اس میں سے حکمت کی باتیں ہیں جو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

أَوْحَىٰٓ إِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ۗ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ

وحی کی | طرف آپ کی | آپ کے رب نے | حکمت میں سے | اور نہ تم بناؤ | ساتھ | اللہ تعالیٰ کے

آپ کے رب نے آپ کو وحی کی ہے اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود نہ بناؤ

إِلٰهًا اٰخَرَ فَتُلْقٰى فِي جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿٣٩﴾

معبود | دوسرا | ورنہ تجھے ڈال دیا جائے گا | جہنم میں | ملامت زدہ | دھتکارا ہوا

ورنہ تجھے ملامت زدہ، دھتکارا ہوا جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔(39)

أَفَأَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِيْنَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ

کیا پھر منتخب کیا تمہیں | تمہارے رب نے | بیٹوں کے لیے | اور اس نے بنایا | فرشتوں کو

کیا پھر تمہارے رب نے تمہیں بیٹوں کے لیے منتخب کیا؟ اور خود فرشتوں کو

إِنَاثًا ۗ إِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا عَظِيْمًا ﴿٤٠﴾ ع وَلَقَدْ

بیٹیاں | بلاشبہ تم | یقیناً کہتے ہو | بات | بہت بڑی | اور بلاشبہ یقیناً

بیٹیاں بنایا؟ بلاشبہ تم یقیناً بہت بڑی بات کہتے ہو۔(40) اور بلاشبہ یقیناً

ع ٤

صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوْا ۗ وَمَا

ہم نے طرح طرح سے سمجھایا | اس قرآن میں | تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں | اور نہیں

ہم نے اس قرآن میں طرح طرح سے سمجھایا ہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں اور انہیں

يَزِيْدُهُمْ إِلَّا نُفُوْرًا ﴿٤١﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗٓ اٰلِهَةٌ

وہ زیادہ کرتا اُن کو | سوائے | نفرت کے | کہہ دو | اگر | ہوتے | ساتھ اس کے | معبود

وہ نفرت کے سوا زیادہ نہیں کرتا۔(41) آپ کہہ دیں اگر اللہ تعالیٰ کے ساتھ اور معبود بھی ہوتے

كَمَا يَقُوْلُوْنَ إِذًا لَّابْتَغَوْا إِلٰى ذِي الْعَرْشِ سَبِيْلًا ﴿٤٢﴾

جیسا کہ | وہ کہتے ہیں | تب | وہ تلاش کرتے | طرف | عرش والے کی | کوئی راستہ

جیسا کہ وہ کہتے ہیں تب وہ عرش والے کی طرف ضرور کوئی راستہ تلاش کرتے۔(42)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سُبۡحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوۡلُوۡنَ عُلُوًّا كَبِيۡرًا ۝٤٣

پاک ہے وہ | اور بے حد بلند ہے | ان سے جو | وہ کہتے ہیں | بلند | بہت بڑا

اللہ تعالیٰ پاک ہے اور بے حد بلند ہے اُن باتوں سے جو وہ کہتے ہیں بہت زیادہ بلند ہونا۔(43)

تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبۡعُ وَالۡاَرۡضُ وَمَنۡ

تسبیح کر رہے ہیں | اس کے لیے | آسمان | سات | اور زمین | اور جو

ساتوں آسمان اور زمین اور جو ان میں ہیں سب اس کی تسبیح کرتے ہیں

فِيۡهِنَّ‌ؕ وَاِنۡ مِّنۡ شَىۡءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمۡدِهٖ وَلٰـكِنۡ

ان میں ہیں | اور نہیں | کوئی چیز | مگر | تسبیح بیان کرتی ہے | ساتھ اس کی حمد کے | اور لیکن

اور کوئی چیز نہیں مگر اس کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتی ہے لیکن

لَّا تَفۡقَهُوۡنَ تَسۡبِيۡحَهُمۡ‌ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيۡمًا غَفُوۡرًا ۝٤٤

نہیں تم سمجھتے | اُن کی تسبیح کو | یقیناً وہ | (ہمیشہ سے) ہے | بے حد بردبار | نہایت بخشنے والا

تم ان کی تسبیح نہیں سمجھتے یقیناً وہ ہمیشہ سے بے حد بردبار، نہایت بخشنے والا ہے۔(44)

وَاِذَا قَرَاۡتَ الۡقُرۡاٰنَ جَعَلۡنَا بَيۡنَكَ وَبَيۡنَ الَّذِيۡنَ

اور جب | پڑھتے ہیں آپ | قرآن | بنا دیتے ہیں ہم | درمیان آپ کے | اور درمیان | ان لوگوں کے جو

اور جب آپ قرآن پڑھتے ہیں تو ہم آپ کے اور اُن کے درمیان

لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسۡتُوۡرًا ۝٤٥ۙ وَّجَعَلۡنَا

نہیں ایمان رکھتے | آخرت پر | پردہ | چھپا ہوا | اور بنا دیے ہیں ہم نے

جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ایک چھپا ہوا پردہ بنا دیتے ہیں۔(45) اور ہم نے ان کے دلوں پر کئی پردے بنا دیے ہیں

عَلٰى قُلُوۡبِهِمۡ اَكِنَّةً اَنۡ يَّفۡقَهُوۡهُ وَفِىۡۤ اٰذَانِهِمۡ

اُوپر | اُن کے دلوں کے | کئی پردے | (اس سے) کہ | وہ سمجھیں اس کو | اور اُن کے کانوں میں

اس سے کہ وہ اس کو سمجھیں اور ان کے کانوں میں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَقْرًا ۚ وَإِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْآنِ وَحْدَهُ

بوجھ ہے | اور جب | آپ ذکر کرتے ہیں | اپنے رب کا | قرآن میں | اس ایک کا

بوجھ ہے اور جب آپ قرآن میں اپنے رب کا، اُسی ایک کا ذکر کرتے ہیں

وَلَّوْا عَلَىٰ أَدْبَارِهِمْ نُفُورًا ﴿٤٦﴾ نَحْنُ أَعْلَمُ

وہ پھر جاتے ہیں | اُوپر | اپنی پیٹھوں کے | بدکتے ہوئے | ہم | خوب جاننے والے ہیں

تو وہ اپنی پیٹھوں پر بدکتے ہوئے پھر جاتے ہیں۔ (46) ہم خوب جاننے والے ہیں

بِمَا يَسْتَمِعُونَ بِهِ إِذْ يَسْتَمِعُونَ إِلَيْكَ

اس (نیت) کو | کہ وہ غور سے سنتے ہیں | اس کو | جب | وہ کان لگاتے ہیں | آپ کی طرف

اس نیت کو جس کے ساتھ وہ اسے غور سے سنتے ہیں، جب وہ آپ کی طرف کان لگاتے ہیں

وَإِذْ هُمْ نَجْوَىٰ إِذْ يَقُولُ الظَّالِمُونَ إِنْ تَتَّبِعُونَ

اور جب | وہ | سرگوشیاں کرتے ہیں جب کہتے ہیں | ظالم | نہیں | تم پیچھے چلتے

اور جب وہ سرگوشیاں کرتے ہیں، جب ظالم کہتے ہیں کہ تم نہیں پیچھے چلتے

إِلَّا رَجُلًا مَسْحُورًا ﴿٤٧﴾ انْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوا لَكَ

مگر | ایک آدمی کے | سحر زدہ | دیکھیں | کیسی | انہوں نے بیان کیں | آپ کے لیے

مگر ایک آدمی کے جس پر جادو کیا گیا ہے۔ (47) آپ دیکھیں انہوں نے آپ کے لیے کیسی مثالیں بیان کی ہیں؟

الْأَمْثَالَ فَضَلُّوا فَلَا يَسْتَطِيعُونَ سَبِيلًا ﴿٤٨﴾ وَقَالُوا

مثالیں | چنانچہ وہ بھٹک گئے | سو نہیں | وہ پا سکتے | کوئی راستہ | اور انہوں نے کہا

چنانچہ وہ بھٹک گئے، سو اب وہ کوئی راستہ نہیں پا سکتے۔ (48) اور انہوں نے کہا

أَإِذَا كُنَّا عِظَامًا وَرُفَاتًا أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ

کیا جب | ہم ہو جائیں گے | ہڈیاں | اور ریزہ ریزہ | کیا یقیناً ہم | ضرور اُٹھائے جانے والے ہیں

کہ کیا جب ہم ہڈیاں اور ریزہ ریزہ ہو جائیں گے تو کیا یقیناً ہم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خَلْقًا جَدِيدًا ﴿٤٩﴾ قُلْ كُونُوا حِجَارَةً أَوْ

پیدائش پر نئی آپ کہہ دیجیے ہو جاؤ پتھر یا

نئی پیدائش پر ضرور اُٹھائے جانے والے ہیں؟ (49) آپ کہہ دیں تم پتھر یا

حَدِيدًا ﴿٥٠﴾ أَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِي صُدُورِكُمْ ۚ

لوہا یا مخلوق اس سے جو بڑی ہو تمہارے دلوں میں

لوہا بھی ہو جاؤ (50) یا کوئی اور مخلوق جو تمہارے دلوں میں اس سے بھی بڑی ہو۔

فَسَيَقُولُونَ مَنْ يُعِيدُنَا ۖ قُلِ الَّذِي

تو جلد ہی وہ کہیں گے کون دوبارہ پیدا کرے گا ہمیں آپ کہہ دیں وہ ذات

تو جلد ہی وہ کہیں گے کہ کون ہے جو ہمیں دوبارہ پیدا کرے گا؟ آپ کہہ دیں وہی وہ ذات

فَطَرَكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ فَسَيُنْغِضُونَ إِلَيْكَ رُءُوسَهُمْ

جس نے پیدا کیا تمہیں پہلی بار تو جلد ہی وہ تعجب سے ہلائیں گے آپ کے سامنے اپنے سر

جس نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا، تو جلد ہی وہ آپ کے سامنے تعجب سے سر ہلائیں گے

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هُوَ ۖ قُلْ عَسَىٰ أَنْ يَكُونَ

اور کہیں گے کب ہوگا وہ آپ کہہ دیں امید ہے یہ کہ وہ ہو

اور کہیں گے یہ کب ہوگا؟ آپ کہہ دیں امید ہے کہ وہ

قَرِيبًا ﴿٥١﴾ يَوْمَ يَدْعُوكُمْ فَتَسْتَجِيبُونَ بِحَمْدِهِ

قریب جس دن وہ پکارے گا تمہیں تو تم لبیک کہو گے ساتھ اُس کی تعریف کے

قریب ہو۔ (51) جس دن وہ تمہیں پکارے گا تو تم اس کی تعریف کے ساتھ لبیک کہو گے

وَتَظُنُّونَ إِنْ لَبِثْتُمْ إِلَّا قَلِيلًا ﴿٥٢﴾ ع وَقُلْ لِعِبَادِي

اور تم سمجھو گے نہیں تم رہے مگر بہت تھوڑی دیر اور آپ کہہ دیں میرے بندوں سے

اور تم سمجھو گے کہ تم بہت تھوڑی دیر ہی رہے۔ (52) اور میرے بندوں سے آپ کہہ دیں

ع ۵ ۱۲ ۵

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ يَنْزَغُ

کہ وہ کہیں | وہ (بات) جو | وہ | بہترین ہے | یقیناً | شیطان | جھگڑا ڈالتا ہے

کہ وہ ایسی بات کہیں جو بہترین ہو، یقیناً شیطان ان کے درمیان جھگڑا ڈالتا ہے۔

بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا

اُن کے درمیان | یقیناً | شیطان | (ہمیشہ سے) ہے | انسان کے لیے | دشمن

یقیناً شیطان ہمیشہ سے ہی انسان کا کھلا دشمن

مُّبِيْنًا ﴿۵۳﴾ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِكُمْ ؕ اِنْ يَّشَاْ يَرْحَمْكُمْ

کھلا | تمہارا رب | زیادہ جانتا ہے | تمہیں | اگر | وہ چاہے | رحم کرے تم پر

ہے۔(53) تمہارا رب ہی تمہیں زیادہ جاننے والا ہے، اگر وہ چاہے تم پر رحم کرے،

اَوْ اِنْ يَّشَاْ يُعَذِّبْكُمْ ؕ وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ

یا | اگر | وہ چاہے | عذاب دے تمہیں | اور نہیں | بھیجا ہم نے آپ کو | اُن پر

یا اگر وہ چاہے تمہیں عذاب دے اور ہم نے آپ کو اُن پر

وَكِيْلًا ﴿۵۴﴾ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِمَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

کوئی ذمہ دار بنا کر | اور رب تمہارا | زیادہ جاننے والا ہے | اُن کو جو | آسمانوں میں ہیں

کوئی ذمہ دار بنا کر نہیں بھیجا۔(54) اور آپ کا رب زیادہ جاننے والا ہے جو بھی

وَالْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰى بَعْضٍ

اور زمین میں | اور بلاشبہ یقیناً | فضیلت دی ہم نے | بعض | انبیاء کو | بعض پر

آسمانوں اور زمین میں ہیں اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بعض انبیاء کو بعض پر فضیلت دی ہے

وَّاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿۵۵﴾ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ

اور عطا فرمائی ہم نے | داؤد کو | زبور | آپ کہہ دیں | پکار دیکھو | وہ جن کو | سمجھتے ہو تم

اور ہم نے داؤد کو زبور عطا فرمائی۔(55) آپ کہہ دیں جنہیں تم اللہ تعالیٰ کے سوا کچھ سمجھتے ہو اُنہیں پکار دیکھو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مِّنْ دُوْنِهٖ	فَلَا يَمْلِكُوْنَ	كَشْفَ	الضُّرِّ	عَنْكُمْ
اس کے سوا	چنانچہ نہیں وہ اختیار رکھتے	دور کرنے کا	تکلیف کو	تم سے

چنانچہ نہ وہ تم سے تکلیف دور کرنے کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ ہی بدلنے کا۔(56)

وَلَا تَحْوِيْلًا ﴿٥٦﴾	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	يَبْتَغُوْنَ
اور نہ ہی بدلنے کا	یہی لوگ	جنہیں	وہ پکارتے ہیں	وہ تلاش کرتے ہیں

یہی لوگ جنہیں وہ پکارتے ہیں وہ خود اپنے رب کی طرف

اِلٰى	رَبِّهِمُ	الْوَسِيْلَةَ	اَيُّهُمْ	اَقْرَبُ	وَيَرْجُوْنَ
طرف	اپنے رب کی	وسیلہ	کہ کون ان میں سے	زیادہ قریب ہے	اور وہ اُمید رکھتے ہیں

وسیلہ (قُربت کا ذریعہ) تلاش کرتے ہیں، کہ کون ان میں سے زیادہ قریب ہے اور اس کی

رَحْمَتَهٗ	وَيَخَافُوْنَ	عَذَابَهٗ ؕ	اِنَّ	عَذَابَ	رَبِّكَ
اُس کی رحمت کی	اور وہ ڈرتے ہیں	اُس کے عذاب سے	یقیناً	عذاب	آپ کے رب کا

رحمت کی اُمید رکھتے ہیں اور وہ اس کے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ یقیناً آپ کے رب کا عذاب وہ ہے

كَانَ	مَحْذُوْرًا ﴿٥٧﴾	وَاِنْ	مِّنْ قَرْيَةٍ	اِلَّا	نَحْنُ
(ہمیشہ سے) ہے	ڈرنے کی چیز	اور نہیں	کوئی بستی	مگر	ہم

جس سے ہمیشہ سے ہی ڈرا جاتا ہے۔(57) اور کوئی بستی ایسی نہیں مگر ہم

مُهْلِكُوْهَا	قَبْلَ	يَوْمِ	الْقِيٰمَةِ	اَوْ	مُعَذِّبُوْهَا
ہلاک کرنے والے ہیں اس کو	پہلے	دن	قیامت کے	یا	عذاب دینے والے ہیں اسے

قیامت کے دن سے پہلے اسے ہلاک کرنے والے ہیں یا اُسے سخت عذاب دینے والے ہیں،

عَذَابًا	شَدِيْدًا ؕ	كَانَ	ذٰلِكَ	فِى الْكِتٰبِ
عذاب	سخت	(ہمیشہ سے) ہے	یہ	کتاب میں

بہت سخت عذاب یہ ہمیشہ سے کتاب اللہ میں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مَسْطُوْرًا ﴿۵۸﴾	وَمَا	مَنَعَنَآ	اَنْ	نُّرْسِلَ	بِالْاٰيٰتِ
لکھا ہوا	اور نہیں	روکا ہمیں	یہ کہ	ہم بھیجیں	معجزات

لکھا ہوا ہے۔(58)اور ہمیں نہیں روکا کہ ہم معجزات بھیجیں

اِلَّآ	اَنْ	كَذَّبَ	بِهَا	الْاَوَّلُوْنَ ؕ	وَاٰتَيْنَا
مگر	یہ کہ	جھٹلادیا تھا	اُن کو	پہلے لوگوں نے	اور دی ہم نے

مگر یہ کہ ان سے پہلے لوگوں نے بھی اُن کو جھٹلا دیا تھا

ثَمُوْدَ	النَّاقَةَ	مُبْصِرَةً	فَظَلَمُوْا	بِهَا ؕ	وَمَا
ثمود کو	اُونٹنی	واضح (معجزہ)	چنانچہ ظلم کیا اُنہوں نے	اس پر	اور نہیں

اور ہم نے ثمود کو اونٹنی کا واضح معجزہ دیا چنانچہ انہوں نے اس پر بھی ظلم کیا

نُرْسِلُ	بِالْاٰيٰتِ	اِلَّا	تَخْوِيْفًا ﴿۵۹﴾	وَاِذْ	قُلْنَا	لَكَ
ہم بھیجتے	معجزات کو	مگر	خوف دلانے کے لیے	اور جب	کہا ہم نے	آپ سے

اور ہم خوف دِلانے کے لیے ہی معجزات بھیجتے ہیں۔(59)اور جب ہم نے آپ سے کہا

اِنَّ	رَبَّكَ	اَحَاطَ	بِالنَّاسِ ؕ	وَمَا	جَعَلْنَا	الرُّءْيَا
بلاشبہ	رب آپ کا	اُس نے گھیر رکھا ہے	لوگوں کو	اور نہیں	بنایا ہم نے	کوئی خواب

کہ آپ کے رب نے بلاشبہ لوگوں کو گھیر رکھا ہے اور ہم نے کوئی خواب

الَّتِيْٓ	اَرَيْنٰكَ	اِلَّا	فِتْنَةً	لِّلنَّاسِ	وَالشَّجَرَةَ
وہ جو	دکھایا ہم نے آپ کو	مگر	آزمائش	لوگوں کے لئے	اور درخت

جو آپ کو دکھایا اسے نہیں بنایا مگر لوگوں کے لئے آزمائش اور قرآن میں

الْمَلْعُوْنَةَ	فِي الْقُرْاٰنِ ؕ	وَنُخَوِّفُهُمْ ۙ	فَمَا	يَزِيْدُهُمْ	اِلَّا
لعنت زدہ	قرآن میں	اور ہم ڈراتے ہیں اُنہیں	تو نہیں	وہ زیادہ بڑھاتا اُن کو	سوائے

لعنت زدہ درخت بھی۔ ہم انہیں ڈراتے ہیں تو یہ ڈرانا ان کو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ع ٦ ٨ ٦

طُغْيَانًا كَبِيْرًا ﴿٦٠﴾ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ

سرکشی میں بہت بڑی اور جب کہا ہم نے فرشتوں سے سجدہ کرو آدم کو

بہت بڑی سرکشی کے سوا زیادہ نہیں کرتا۔(60) اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم کو سجدہ کرو

فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ

تو انہوں نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے اس نے کہا کیا میں سجدہ کروں اس کو جسے پیدا کیا تو نے

تو سوائے ابلیس کے سب نے سجدہ کیا، اس نے کہا کہ میں اس کو سجدہ کروں

طِيْنًا ﴿٦١﴾ قَالَ اَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ

مٹی سے اُس نے کہا کیا دیکھا تو نے یہ جس کو فضیلت دی تو نے مجھ پر

جسے تو نے مٹی سے پیدا کیا؟(61) اُس نے کہا: کیا تو نے دیکھا یہ شخص جس کو تو نے مجھ پر فضیلت دی ہے؟

لَئِنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ

یقیناً اگر مہلت دے گا تو مجھے قیامت کے دن تک ضرور میں جڑ سے اکھاڑ پھینکوں گا اُس کی پوری نسل کو

یقیناً اگر تو مجھے قیامت کے دن تک مہلت دے گا تو بہت تھوڑے لوگوں کے سوا اس کی پوری نسل کو ہر

اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٦٢﴾ قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ

سوائے بہت تھوڑے (لوگوں کے) اس نے فرمایا جاؤ پھر جو بھی پیروی کرے گا تیری

صورت جڑ سے اُکھاڑ پھینکوں گا۔(62) اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جا! پھر ان میں سے جو بھی تیری پیروی کرے گا

مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا ﴿٦٣﴾

اُن میں سے تو یقیناً جہنم بدلہ ہے تمہارا بدلہ پورا پورا

تم سب کا پورا پورا بدلہ یقیناً جہنم ہی ہے۔(63)

وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَاَجْلِبْ

اور بہکا دے جن کو تو کر سکے اُن میں سے اپنی آواز سے اور چڑھا لا

اور بہکا دے ان میں سے جن کو تو اپنی آواز سے بہکا سکے اور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ فِي الْاَمْوَالِ

اُن پر | اپنے سوار | اور اپنے پیادے | اور شریک ہو جا ان کا | مال میں

ان پر اپنے سوار اور اپنے پیادے چڑھا لا اور اُن کے مال

وَالْاَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ۭ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا

اور اولاد میں | اور وعدے کر ان سے | اور نہیں | وعدہ دیتا اُن کو | شیطان | سوائے

اور اُن کی اولاد میں اُن کے ساتھ شریک ہو جا اور اُن سے وعدے کر اور شیطان اُنہیں

غُرُوْرًا ﴿٦٤﴾ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ ۭ

دھوکے کے | بلاشبہ | میرے بندے | نہیں | تجھے | اُن پر | کوئی غلبہ

دھوکے کے سوا کوئی وعدہ نہیں دیتا۔(64) میرے بندوں پر بلاشبہ تجھے کوئی غلبہ نہیں

وَكَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيْلًا ﴿٦٥﴾ رَبُّكُمُ الَّذِيْ يُزْجِيْ

اور کافی ہے | رب آپ کا | کارساز | رب تمہارا | وہ جو | چلاتا ہے

اور آپ کا رب ہی کارساز کافی ہے۔(65) تمہارا رب وہ ہے جو

لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّهٗ

تمہارے لیے | کشتی | سمندر میں | تا کہ تم تلاش کرو | اس کے فضل میں سے | یقیناً وہ

تمہارے لیے سمندر میں کشتی چلاتا ہے تا کہ تم اس کے فضل میں سے تلاش کرو، یقیناً وہ

كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿٦٦﴾ وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ

(ہمیشہ سے) ہے | تم پر | رحم کرنے والا | اور جب | پہنچتی ہے تمہیں | کوئی مصیبت

ہمیشہ سے تم پر رحم کرنے والا ہے۔(66) اور جب سمندر میں تمہیں کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو

فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا

سمندر میں | گم ہو جاتے ہیں | جنہیں | تم پکارتے ہو | سوائے | اُس کے | پھر جب

اللہ تعالیٰ کے سوا تم جنہیں بھی پکارتے ہو وہ سب گم ہو جاتے ہیں، پھر جب وہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نَجّٰىكُمْ اِلَى الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ

وہ نجات دیتا ہے تمہیں | خشکی کی طرف | منہ موڑ جاتے ہو تم | اور (ہمیشہ سے) ہے | انسان

تمہیں خشکی کی طرف نجات دیتا ہے تو تم منہ موڑ جاتے ہو اور انسان ہمیشہ سے بڑا

كَفُوْرًا ﴿۶۷﴾ اَفَاَمِنْتُمْ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ

بڑا ناشکرا | تو کیا بے خوف ہوگئے تم | یہ کہ | وہ دھنسا دے | تمہیں | خشکی کی جانب

ناشکرا ہے۔(67) تو کیا تم اس سے بے خوف ہوگئے ہو کہ وہ تمہیں خشکی کی جانب دھنسا دے

اَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوْا

یا | بھیج دے | تم پر | پتھر برسانے والی آندھی | پھر | نہیں تم پاؤ گے

یا تم پر پتھر برسانے والی آندھی بھیج دے؟ پھر تم

لَكُمْ وَكِيْلًا ﴿۶۸﴾ۙ اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ

اپنے لیے | کوئی کارساز | یا | بے خوف ہوگئے تم | یہ کہ | وہ دوبارہ لے جائے تمہیں

اپنے لیے کوئی کارساز نہ پاؤ گے؟(68) یا تم بے خوف ہوگئے ہو کہ اللہ تعالیٰ تمہیں دوسری بار

فِيْهِ تَارَةً اُخْرٰى فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ

اس میں | دوسری بار | پھر وہ بھیجے | تم پر | توڑ دینے والی | آندھی

اس میں لے جائے؟ پھر تم پر توڑ دینے والی آندھی بھیج دے

فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا كَفَرْتُمْ ۙ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ

پھر وہ غرق کردے تمہیں | اس کی وجہ سے جو | کفر کیا تم نے | پھر | نہ پاؤ گے تم | اپنے لیے

پھر وہ تمہیں غرق کردے اس کی وجہ سے جو تم نے کفر کیا، پھر تم اپنے لیے

عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ﴿۶۹﴾ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا

ہمارے خلاف | اس پر | کوئی پیچھا کرنے والا | اور بلاشبہ یقیناً | عزت دی ہم نے

اس پر ہمارے خلاف پیچھا کرنے والا کوئی نہ پاؤ گے۔(69) اور بلاشبہ ہم نے یقیناً اولادِ آدم کو عزت دی ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بَنِیْٓ اٰدَمَ	وَحَمَلْنٰهُمْ	فِی الْبَرِّ	وَالْبَحْرِ	وَرَزَقْنٰهُمْ
اولادِ آدم کو	اور سوار کیا ہم نے اُنہیں	خشکی میں	اور سمندر میں	اور رزق دیا ہم نے اُن کو

اور ہم نے انہیں خشکی اور سمندر میں سوار کیا اور ہم نے انہیں پاکیزہ چیزوں میں سے رزق دیا

مِّنَ الطَّیِّبٰتِ	وَفَضَّلْنٰهُمْ	عَلٰی كَثِیْرٍ	مِّمَّنْ	خَلَقْنَا
پاکیزہ چیزوں سے	اور فضیلت دی ہم نے اُن کو	بہت سوں پر	ان میں سے جن کو	پیدا کیا ہم نے

اور ہم نے جن کو پیدا کیا ان میں سے، بہت سوں پر انہیں فضیلت دی،

تَفْضِیْلًا ﴿۷۰﴾ ع	یَوْمَ	نَدْعُوْا	كُلَّ اُنَاسٍ	بِاِمَامِهِمْ ج	فَمَنْ	ع ۷/۱۰/۷
بڑی فضیلت دینا	جس دن	ہم بلائیں گے	سب لوگوں کو	اُن کے امام کے ساتھ	پھر جس کو	

بڑی فضیلت دینا۔(70) جس دن ہم سب لوگوں کو ان کے امام کے ساتھ بلائیں گے پھر جس کو

اُوْتِیَ	كِتٰبَهٗ	بِیَمِیْنِهٖ	فَاُولٰٓئِكَ	یَقْرَءُوْنَ	كِتٰبَهُمْ
دی گئی	کتاب اس کی	اس کے دائیں ہاتھ میں	تو یہ لوگ	پڑھیں گے	اپنی کتاب

اس کی کتاب اس کے دائیں ہاتھ میں دی گئی تو یہ لوگ اپنی کتاب پڑھیں گے

وَلَا یُظْلَمُوْنَ	فَتِیْلًا ﴿۷۱﴾	وَمَنْ	كَانَ	فِیْ هٰذِهٖٓ
اور ان پر نہیں ظلم کیا جائے گا	کھجور کی گٹھلی کے دھاگے برابر	اور جو	ہے	اس دنیا میں

اور ان پر کھجور کی گٹھلی کے دھاگے برابر ظلم نہیں کیا جائے گا۔(71) اور جو اس دنیا میں

اَعْمٰی	فَهُوَ	فِی الْاٰخِرَةِ	اَعْمٰی	وَاَضَلُّ	سَبِیْلًا ﴿۷۲﴾
اندھا	تو وہ	آخرت میں	اندھا ہوگا	اور بہت زیادہ بھٹکا ہوا ہوگا	راستے سے

اندھا ہے وہی آخرت میں بھی اندھا ہوگا اور وہ راستے سے بہت زیادہ بھٹکا ہوا ہوگا(72)

وَاِنْ	كَادُوْا	لَیَفْتِنُوْنَكَ	عَنِ الَّذِیْٓ	اَوْحَیْنَآ
اور بلاشبہ	قریب تھے وہ سب	کہ ضرور بہکا دیں آپ کو	اس سے جو	وحی کی ہم نے

اور بلاشبہ قریب تھا وہ آپ کو ضرور بہکا دیں اس سے جو ہم نے آپ کی طرف وحی کی ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اِلَيْكَ لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهٗ ۖ وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ

آپ کی طرف تاکہ آپ گھڑ لائیں اُوپر ہمارے اس کے علاوہ اور تب ضرور بنا لیتے وہ آپ کو

تاکہ آپ ہمارے اوپر اس کے علاوہ کوئی بات گھڑ لائیں اور تب

خَلِيْلًا ﴿٧٣﴾ وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ

دلی دوست اور اگر نہ ہوتا یہ کہ ثابت قدم رکھتے ہم آپ کو بلاشبہ یقیناً قریب تھے آپ کہ

وہ آپ کو ضرور دلی دوست بنا لیتے۔(73) اور اگر ہم آپ کو ثابت قدم نہ رکھتے

تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ شَيْـًٔا قَلِيْلًا ﴿٧٤﴾ ۙ اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ

جھک جاتے اُن کی جانب کچھ تھوڑا سا تب ہم چکھاتے آپ کو

تو بلاشبہ یقیناً قریب تھا کہ آپ بھی ان کی جانب تھوڑا سا جھک ہی جاتے۔(74) تب ہم آپ کو

ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ

دوگنا زندگی کا اور دوگنا موت کا پھر نہ آپ پاتے اپنا

زندگی اور موت کے دوگنے عذاب کا مزہ چکھاتے، پھر آپ

عَلَيْنَا نَصِيْرًا ﴿٧٥﴾ وَاِنْ كَادُوْا لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ

ہمارے خلاف کوئی مددگار اور بلاشبہ وہ قریب تھے کہ ضرور اکھاڑ دیں آپ کے قدم

ہمارے خلاف اپنا کوئی مددگار بھی نہ پاتے۔(75) اور بلاشبہ قریب تھا کہ وہ ضرور اس زمین سے

مِنَ الْاَرْضِ لِيُخْرِجُوْكَ مِنْهَا وَاِذًا لَّا يَلْبَثُوْنَ

زمین سے تاکہ وہ نکال دیں آپ کو اس سے اور تب نہیں وہ ٹھہر پائیں گے

آپ کے قدم اُکھاڑ دیں تاکہ آپ کو اس سے نکال دیں اور تب آپ کے پیچھے وہ

خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٧٦﴾ سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ

آپ کے پیچھے مگر بہت کم طریقہ تھا جو بھیج چکے ہم آپ سے پہلے

بہت کم ٹھہر پائیں گے۔(76) اُن کا طریقہ تھا جو آپ سے پہلے ہم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ع ۸/۸

مِنْ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيلًا ﴿٧٧﴾ اَقِمِ الصَّلٰوةَ

اپنے رسولوں میں سے اور نہ تم پاؤ گے ہمارے طریقے میں کوئی تبدیلی آپ قائم کریں نماز

اپنے رسولوں میں سے بھیج چکے ہیں اور آپ ہمارے طریقے میں کوئی تبدیلی نہیں پائیں گے۔(77) آپ نماز قائم کریں

لِدُلُوكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ۖ اِنَّ

سورج ڈھلنے کے وقت سے رات کے اندھیرے تک اور قرآن (پڑھیں) فجر کا یقیناً

سورج ڈھلنے سے رات کے اندھیرے تک اور فجر کا قرآن پڑھیں۔یقیناً فجر کا

قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُودًا ﴿٧٨﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ

قرآن فجر کا (ہمیشہ سے) ہے حاضری کا وقت اور رات کے کچھ حصے میں پھر بے دار رہیں

قرآن پڑھنا ہمیشہ سے حاضری کا وقت ہے۔(78) اور رات کے کچھ حصے میں پھر اس کے ساتھ بے دار رہیں

بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ

ساتھ اس کے زائد عبادت ہے آپ کے لیے قریب ہے یہ کہ فائز کردے آپ کو آپ کا رب

یہ آپ کے لیے زائد عبادت ہے،قریب ہے آپ کا رب آپ کو

مَقَامًا مَّحْمُودًا ﴿٧٩﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ

مقام محمود پر اور کہہ دو اے میرے رب داخل کر مجھے داخل کرنا سچائی (کے ساتھ)

مقامِ محمود پر فائز کردے۔(79) اور آپ دُعا کریں کہ اے میرے رب! مجھے سچائی کے ساتھ داخل کرنا

وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ

اور مجھے نکال نکالنا سچائی (کے ساتھ) اور بنا دے میرا اپنے پاس سے

اور مجھے سچائی کے ساتھ نکالنا اور اپنے پاس سے

سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ﴿٨٠﴾ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۖ

ایک غلبے کو مددگار اور آپ کہہ دو آ گیا حق اور مٹ گیا باطل

ایک غلبے کو میرا مددگار بنا۔(80) اور آپ کہہ دیں حق آ گیا اور باطل مٹ گیا،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا ﴿٨١﴾ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ

یقیناً | باطل | تھا | مٹنے ہی والا | اور ہم تھوڑا تھوڑا نازل کرتے ہیں | قرآن میں سے

یقیناً باطل مٹنے ہی والا تھا۔(81)اور ہم اس قرآن میں سے تھوڑا تھوڑا نازل کرتے ہیں جو

مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ ۙ وَلَا يَزِيدُ

جو | وہ | شفا ہے | اور رحمت ہے | مؤمنوں کے لیے | اور نہیں وہ زیادہ کرتا

مؤمنوں کے لیے شفا اور رحمت ہے اور جو ظالموں کو

الظَّالِمِينَ إِلَّا خَسَارًا ﴿٨٢﴾ وَإِذَا أَنْعَمْنَا عَلَى الْإِنْسَانِ

ظالموں کو | سوائے | خسارے کے | اور جب | انعام کرتے ہیں ہم | اُوپر | انسان کے

خسارے کے سوا کسی چیز میں زیادہ نہیں کرتا۔(82)اور جب ہم انسان پر انعام کرتے ہیں

أَعْرَضَ وَنَأَىٰ بِجَانِبِهِ ۚ وَإِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ

وہ منہ موڑتا ہے | اور اپنا پہلو دور کر لیتا ہے | اور جب | پہنچتی ہے اس کو | کوئی مصیبت | ہو جاتا ہے

تو وہ منہ موڑتا ہے اور اپنا پہلو بچاتا ہے اور جب اس کو کوئی مصیبت پہنچتی ہے

يَئُوسًا ﴿٨٣﴾ قُلْ كُلٌّ يَعْمَلُ عَلَىٰ شَاكِلَتِهِ ط

بہت نا اُمید | آپ کہہ دیں | ہر کوئی | عمل کرتا ہے | اُوپر | اپنے طریقے کے

تو بہت نا اُمید ہو جاتا ہے۔(83) آپ کہہ دیں ہر کوئی اپنے طریقے پر عمل کرتا ہے۔

فَرَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ أَهْدَىٰ

سو رب تمہارا | زیادہ جانتا ہے | کہ کون | وہ | زیادہ ہدایت پانے والا ہے

سو تمہارا رب ہی زیادہ جانتا ہے کہ کون سیدھے راستے کی زیادہ ہدایت پانے والا ہے؟(84)

سَبِيلًا ﴿٨٤﴾ ع وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الرُّوحِ ط قُلِ الرُّوحُ

سیدھے راستے کی | اور وہ پوچھتے ہیں آپ سے | روح کے بارے میں | آپ کہہ دیں | روح

اور وہ آپ سے رُوح کے بارے میں پوچھتے ہیں، آپ کہہ دیں رُوح

ع ۹/۹

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ وَمَآ اُوْتِیْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۸۵﴾

میرے رب کے حکم سے ہے اور نہیں دیا گیا تمہیں علم میں سے مگر بہت ہی کم

میرے رب کے حکم سے ہے اور تمہیں علم میں سے بہت ہی کم دیا گیا ہے۔(85)

وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِیْٓ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ

اور یقیناً اگر چاہیں ہم ہم ضرور بہ ضرور لے جائیں اس کو جو وحی کی ہم نے آپ کی طرف

اور یقیناً اگر ہم چاہیں تو ہم ضرور بہ ضرور لے جائیں اس کو جو ہم نے آپ کی طرف وحی کی ہے

ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَیْنَا وَكِیْلًا ﴿۸۶﴾ اِلَّا

پھر نہ آپ پائیں گے اپنا اس پر ہمارے مقابلے میں کوئی حمایتی مگر

پھر آپ اس پر ہمارے مقابلے میں کوئی حمایتی نہ پائیں گے۔(86) مگر

رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَیْكَ

رحمت ہے آپ کے رب کی طرف سے یقیناً فضل اس کا (ہمیشہ سے) ہے آپ پر

یہ صرف آپ کے رب کی طرف سے رحمت ہے، یقیناً آپ پر اُس کا فضل ہمیشہ سے

كَبِیْرًا ﴿۸۷﴾ قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ

بہت بڑا آپ کہہ دیں یقیناً اگر اکٹھے ہو جائیں تمام انسان اور تمام جن

بہت بڑا ہے۔(87) آپ کہہ دیں یقیناً اگر تمام انسان اور تمام جن اس پر اکٹھے ہو جائیں

عَلٰٓی اَنْ یَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا یَاْتُوْنَ

اُوپر اس کے کہ وہ لے آئیں مانند اس قرآن کے نہ لا سکیں گے

کہ اس قرآن جیسی کوئی چیز لے آئیں تو وہ

بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِیْرًا ﴿۸۸﴾

اس جیسی اور اگرچہ ہو بعض ان کا بعض کے لیے مددگار

اس جیسی نہ لا سکیں گے اگرچہ وہ ایک دوسرے کے مددگار ہوں۔(88)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ

اور بلاشبہ یقیناً طرح طرح سے بیان کیں ہم نے لوگوں کے لیے اس قرآن میں ہر قسم کی

اور بلاشبہ ہم نے اس قرآن میں یقیناً ہر قسم کی مثالیں طرح طرح سے بیان کی ہیں

مَثَلٍ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۸۹﴾

مثالیں پھر انکار کیا اکثر لوگوں نے سوائے کفر کے

مگر اکثر لوگوں نے کفر کے سوا ہر بات کا انکار کیا ہے۔(89)

وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ

اور اُنہوں نے کہا ہرگز نہیں ہم ایمان لائیں گے آپ پر یہاں تک کہ آپ جاری کر دیں

اور اُنہوں نے کہا کہ ہم ہرگز آپ پر ایمان نہ لائیں گے جب تک کہ آپ

لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ﴿۹۰﴾ اَوْ تَكُوْنَ لَكَ

ہمارے لیے زمین سے بہتا چشمہ یا ہو آپ کے پاس

ہمارے لیے زمین سے کوئی بہتا چشمہ جاری نہ کر دیں۔(90) یا

جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ

باغ کھجوروں کا اور اُنگوروں کا چنانچہ آپ جاری کر دیں نہریں

آپ کے پاس کھجوروں اور انگوروں کا ایک باغ ہو، چنانچہ آپ

خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ﴿۹۱﴾ اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا

اُس کے درمیان سے خوب جاری کرنا یا آپ گرا دیں آسمان سے جیسا کہ

اس کے درمیان میں نہریں جاری کر دیں، خوب جاری کرنا۔(91) یا

زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ

آپ نے دعویٰ کیا ہم پر ٹکڑے یا آپ لے آئیں اللہ تعالیٰ کو

جیسے آپ نے دعویٰ کیا ہے، ہم پر آسمان کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے گرا دیں یا اللہ تعالیٰ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا ﴿۹۲﴾ اَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ

اور فرشتوں کو سامنے یا ہو آپ کے لیے گھر سونے کا

اور فرشتوں کو آپ ہمارے سامنے لے آئیں۔(92) یا آپ کا کوئی سونے کا گھر ہو

اَوْ تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ ۭ وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ

یا آپ چڑھ جائیں آسمان میں اور ہرگز نہیں ہم مانیں گے آپ کے چڑھنے کو

یا آپ آسمان میں چڑھ جائیں اور آپ کے چڑھنے کو ہم نہ مانیں گے

حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ۭ قُلْ سُبْحَانَ

یہاں تک کہ آپ اتار دیں ہم پر ایسی کتاب ہم پڑھیں اس کو آپ کہہ دیں پاک ہے

یہاں تک کہ آپ ہم پر ایسی کتاب اُتار دیں جسے ہم پڑھیں، آپ کہہ دیں کہ پاک ہے میرا رب!

رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۳﴾ ع وَمَا

میرا رب نہیں ہوں میں سوائے ایک انسان (اور) رسول کے اور نہیں

میں ایک انسان کے سوا کچھ نہیں جو رسول ہے۔(93) اور جب

مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى

روکا لوگوں کو یہ کہ وہ ایمان لائیں جب آ گئی اُن کے پاس ہدایت

لوگوں کے پاس ہدایت آ گئی تو انہیں کسی چیز نے نہیں روکا کہ وہ ایمان لائیں

اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۴﴾

اس کے سوا یہ کہ اُنہوں نے کہا کیا بھیجا ہے اللہ تعالیٰ نے ایک انسان کو رسول بنا کر

اس کے سوا کہ انہوں نے کہا کہ کیا اللہ تعالیٰ نے ایک انسان کو رسول بنا کر بھیجا ہے؟(94)

قُلْ لَّوْ كَانَ فِي الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ

آپ کہہ دیں اگر ہوتے زمین میں فرشتے وہ چلتے

آپ کہہ دیں کہ اگر زمین میں فرشتے اطمینان سے چل رہے ہوتے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مُطْمَئِنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ﴿٩٥﴾

اطمینان سے | تو ضرور ہم نازل کرتے | اُوپر اُن کے | آسمان سے | فرشتہ | رسول (بنا کر)

تو ضرور ہم آسمان سے اُن پر کسی فرشتے کو رسول بنا کر بھیجتے۔(95)

قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ اِنَّهٗ

آپ کہہ دیں | کافی ہے | اللہ تعالیٰ | گواہ | درمیان میرے | اور درمیان تمہارے | یقیناً وہ

آپ کہہ دیں کہ میرے اور تمہارے درمیان اللہ تعالیٰ گواہ کافی ہے، یقیناً وہ ہمیشہ سے

كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ﴿٩٦﴾ وَمَنْ يَّهْدِ

(ہمیشہ سے) ہے | اپنے بندوں کی | پوری خبر رکھنے والا | سب کچھ دیکھنے والا | اور جسے | ہدایت دے

اپنے بندوں کی پوری خبر رکھنے والا اور سب کچھ دیکھنے والا ہے۔(96) اور جسے اللہ تعالیٰ ہدایت دے،

اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ

اللہ تعالیٰ | تو وہی | ہدایت پانے والا ہے | اور جسے | وہ گمراہ کرتا ہے | تو ہرگز نہیں | آپ پائیں گے

تو وہی ہدایت پانے والا ہے اور جسے وہ گمراہ کرتا ہے تو آپ اللہ تعالیٰ کے سوا

لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ ۭ وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى

اُن کا | کوئی سرپرست | اس کے سوا | اور ہم اُٹھائیں گے انہیں | دن | قیامت کے | اوپر

اُن کا کوئی سرپرست ہرگز نہیں پائیں گے، اور ہم قیامت کے دن

وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ۭ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ

اُن کے چہروں کے | اندھا | اور گونگا | اور بہرا | ٹھکانہ اُن کا | جہنم ہے

اُنہیں اُن کے چہروں کے بل اندھا، گونگا اور بہرہ اُٹھائیں گے،

النصف

كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا ﴿٩٧﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ

جب کبھی | بجھنے لگے گی | زیادہ کردیں گے ہم اُن کا | بھڑکنا | یہ | بدلہ ہے اُن کا

اُن کا ٹھکانہ جہنم ہے، جب کبھی وہ بجھنے لگے گی تو ان کے بھڑکنے کو ہم اور زیادہ کر دیں گے۔(97) یہ اُن کا بدلہ ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا

کیونکہ یقیناً وہ اُنہوں نے انکار کیا ہماری آیات کا اور اُنہوں نے کہا کیا جب ہوں گے ہم

کیونکہ انہوں نے یقیناً ہماری آیات کا انکار کیا اور انہوں نے کہا کہ کیا جب ہم

عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿٩٨﴾

ہڈیاں اور ریزہ ریزہ کیا واقعتاً ہم ضرور اُٹھائے جانے والے ہیں نئی پیدائش میں

ہڈیاں اور ریزہ ریزہ ہو جائیں گے؟ تو کیا واقعتاً ہم ضرور نئی پیدائش میں اُٹھائے جانے والے ہیں؟(98)

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

اور کیا نہیں اُنہوں نے دیکھا یقیناً اللہ تعالیٰ وہ ذات جس نے پیدا کیا ہے آسمانوں کو

اور کیا ان لوگوں نے نہیں دیکھا کہ یقیناً جس اللہ تعالیٰ نے آسمانوں

وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ

اور زمین کو قادر ہے اُوپر اس کے کہ وہ پیدا کرے اُن جیسوں کو اور اس نے مقرر کیا

اور زمین کو پیدا کیا ہے وہ اس پر قادر ہے کہ ان جیسوں کو پیدا کرے؟

لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ

اُن کے لیے وقت نہیں شک جس میں پھر انکار کیا ظالموں نے

اور اُس نے ان کے لیے ایک وقت مقرر کیا ہے جس میں کوئی شک نہیں، پھر بھی ظالموں نے سوائے کفر کے

اِلَّا كُفُوْرًا ﴿٩٩﴾ قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآئِنَ

